کوئٹہ۔(اسٹاف رپورٹر) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کنٹرول ٹیم کی کلی اسماعیل گوبر میدانی میں کارروائی، منشیات فروشوں نے ٹیم پر دھاوا بول دیا۔ ڈنڈوں کے وار اور فائرنگ سے تین اہلکاروں سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس نے ٹیم انچارج کی مدعیت میں کار سرکار میں مداخلت۔ اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا ایکسائز ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ذیشان رضا کو اطلاع ملی تھی کہ کلی اسماعیل کے علاقے گوبر میدانی میں منشیات فروش کھلے عام منشیات فروخت کررہے ہیں جس پر ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس پروینشل کے انچارج احسان مری کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی جو اتوار کی شام جیسے ہی کارروائی کے لئے گوبر میدانی پہنچی تو وہاں موجود منشیات فروشوں نے ٹیم پر فائرنگ کرتے ہوئے ڈنڈوں سے حملہ کردیا۔ فائرنگ اور ڈنڈوں کے وار سے تین اہلکار حوالدار سلطان احمد، کانسٹیبل منظور احمد اور کانسٹیبل بجیت کمار اور ایک راہگیر زخمی ہوگئے۔ منشیات فروش فرار ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور ایکسائز کے افسران و اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جبکہ جناح ٹاؤن پولیس نے انچارج کی مدعیت میں کارسرکار میں مداخلت، اقدام قتل سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مار رہی ہے۔

پنجگور سے اغوا ہونیوالے سمیر کو بازیاب کرایا جائے، لواحقین

ہماری کسی سے کوئی دشمنی نہیں، بھائی بشیر احمد کی رشتہ داروں کے ہمراہ پریس کانفرنس

پنجگور(نامہ نگار) پنجگور سے مبینہ طور پر اغوا ہونے والے سمیر ولد محمد علی سکنہ دشت شہباز کاناگری کے بھائی بشیر احمد نے رشتہ داروں نورحسین، امان جان، ظفر، عبدالطیف، کماش صال محمد کماش مولداد کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرے بھائی سمیر کو ہفتے کی شام ساڑھے 7 بجے کے قریب حاجی یاسین مارکیٹ سے نامعلوم افراد اس وقت اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے جب وہ اپنے بچوں کو اسپتال لیکر جارہا تھا واقعہ کی رپورٹ درج کرادی ہے سمیر تاحال لاپتہ ہے ہم پرامن غریب لوگ ہیں سمیر اپنی زمینوں پر بزگری کرتا ہے ہماری کسی کے ساتھ کوئی دشمنی یا لین دین کا تنازع نہیں انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ وہ سمیر کی جلد بازیاب یقینی بنائیں بصورت دیگر ہم احتجاج پر مجبور ہونگے۔

پنجگور میں ایک شخص کو اغواء کرلیا گیا

پنجگور(نامہ نگار) پنجگور میں گزشتہ شب نامعلوم گاڑی سواروں نے حاجی یسن مارکیٹ چتکان سے ایک شخص کو اغوا کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا۔ پولیس زرائع کے مطابق سمیر ولد محمد علی ساکن بائی پاس جھلنگ کو اسلحہ کے زور پر اغوا کیا گیا۔

بھاگ: ڈاکو تین موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان لوٹ کر لے گئے

بھاگ(نامہ نگار) لیویز تھانہ بھاگ کے حدود گوٹھ کوڑا ایری میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے سولہ افراد کو یرغمال بنا کر ڈاکٹر رجب علی ایری، سمیع اللہ ایری، پیر بخش ایری سے موٹر سائیکلیں چھین لیں جبکہ دیگر تمام افراد سے قیمتی موبائلز اور نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔

INTEKHAB QUETTA

وندر پولیس کی کارروائیاں، منشیات فروش سمیت 6 ملزمان گرفتار

سونمیانی وندر(نمائندہ انتخاب) وندر پولیس کی جرائم کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری مرغوں پر قمار بازی کھیلنے والے 5 ملزمان جبکہ ایک اور کارروائی میں منشیات فروش بھی قانون کے شکنجے میں آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایات پر ڈی ایس پی عارف بلوچ کی نگرانی میں وندر پولیس نے مرغوں کی لڑائی پر قمار بازی کے خلاف چھاپہ مار کر پانچ ملزمان بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

کو گرفتار کرلیا اور ان کے قبضے سے 5000 روپے کی رقم دو مرغے اور دو موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا جبکہ دیگر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ جبکہ وندر پولیس نے ایک اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش محمد یاسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 300 گرام چرس برآمد کرلی ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے حوالات میں بند کردیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر نعیم خان خلجی نے کہا کہ پولیس کا کریک ڈاؤن جرائم پیشہ افراد کے خلاف مزید کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ وندر کو جرائم پیشہ افراد کے لیے نوگوایریا بنانے کا عزم رکھتے ہیں اور اس کے لیے پولیس کی کارروائیاں مسلسل جاری رہیں گی۔ عوامی حلقوں کی جانب سے ایس ایچ او وندر اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ نعیم خان خلجی کا کہنا تھا کہ علاقے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھے گے۔

مسلح ڈاکوؤں نے ہندو تاجروں کو لوٹ لیا

حب(نمائندہ انتخاب) حب سٹی اور بیروٹ خانے کے حدود میں کیے بعد دیگر دو ڈکیتی کی وارداتیں، مسلح ڈاکوؤں نے ہندو تاجروں کو لوٹ لیا، کیش اور قیمتی وبائل فونز سے محروم کر کے بآسانی فرار ہونے میں امیاب ہو گئے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے اتوار کی نب حب سٹی تھانہ کے حدود ساکران روڈ دریجی مارکیٹ بں مسلح ڈاکوؤں نے سردار ساگر سنگ نامی ہندو تاجر سے نقدی اور قیمتی موبائل فوٹ کر بآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

دوسری ڈکیتی کی واردات عدالت روڈ جمعہ بازار کے قریب کریانہ اسٹور پر ہوا جہاں پر مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر پریم کمار نامی ہندو تاجر سے ہزاروں روپے کیش لوٹ کر فرار ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

ڈیرہ اللہ یار' مقامی رائس مل کے قریب دھماکہ' دیوار کو نقصان

دھماکے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی

کوئٹہ(آن لائن) ڈیرہ اللہ یار کے علاقے میں مقامی رائس مل کے قریب دھماکے سے دیوار کو نقصان پہنچا تاہم جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان کی جانب سے ڈیرہ اللہ یار مقامی رائس مل کی دیوار کے ساتھ تخریب کاری کی غرض سے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دیوار کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس، سیکورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل سکواڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر کارروائی شروع کردی پولیس کے مطابق دھماکے میں ٹائمر آئی ڈی اور ایک کلو بارود کی مواد استعمال کیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 18

جیل روڈ واطراف میں تجاوزات کی بھرمار،شہریوں کوآمدورفت میں دشواری

کوئٹہ(اسٹاف رپورٹر)جیل روڈ بدہ و اطراف میں تجاوزات کی بھرمار سڑک کے دونوں اطراف ریڑھی بانوں کا قبضہ ،صفائی کی صورتحال بھی ابتر لوگوں کو مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق جیل روڈ بدہ میں تجاوزات کی بھر مار ہے مین روڈ کے دونوں اطراف ریڑھی بانوں نے قبضہ کرر کھا ہے جسکی وجہ سے جیل روڈ میں بدترین ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے جبکہ رہی سہی کسر دکانداروں نے دکانوں کا سامان باہر رکھ کر پوری کردی ہے تجاوزات کے باعث صبح شام اور رات کے اوقات میں گاڑیوں کی طویل اور لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں دوسری جانب جیل روڈ بدہ وگردونواح کے علاقوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے شدید بدبواور تعفن پھیل رہا ہے اہل علاقہ نے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور علاقے میں صفائی کی صورتحال بہتر اور تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے۔

گلبرگ اسٹریٹ فقیر محمد روڈ میں پانی کی قلت

کوئٹہ(پ ر)گلبرگ اسٹریٹ فقیر محمد روڈ کو پانی کی سپلائی کئی روز سے بند ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے،ٹینکروں پر گزارہ کرنے پر مجبور ہوگئے ،علاقہ مکینوں کے مطابق گلبرگ اسٹریٹ فقیر محمد روڈ کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے،کئی روز سے علاقے کا پانی بند ہے مکینوں کا کہنا تھا کہ ایک دن کے بعد ان کے علاقے کو پانی کی فراہمی ہوتی تھی مگر اب تقریباً10 روز سے پانی نہیں آرہا ہے ان دنوں میں ایک دوبار صرف 5 یا10 منٹ کیلئے پانی آیا اور بند ہوگیا۔ان کا کہنا تھا کہ گلبرگ سٹریٹ کے مکین بروقت پانی کے بلز ہر ماہ باقاعدگی سے جمع کراتے ہیں مگر پانی کی فراہمی کے حوالے سے انہیں ہمیشہ مسائل کا سامنا رہتا ہے۔انہوں نے ایم ڈی واسا اور علاقے کے ایس ڈی او سے اپیل کی کہ گلبرگ اسٹریٹ کو پانی کی فراہمی کا فی الفور نوٹس لیں اور باقاعدگی سے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

کاسی روڈ پر تجاوزات کی بھرمار،عوام کوآمدورفت میں دشواری کا سامنا

ٹریفک مسائل بھی جنم لینے لگے،رہی سہی کسر ریڑھی بانوں نے پوری کررکھی ہے،شہری

کوئٹہ(اسٹاف رپورٹر)کاسی روڈ پر تجاوزات کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے،ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہورہی ہے،تفصیلات کے مطابق کاسی روڈ پر ایک جانب دکانداروں اور دوسری جانب ریڑھی بانوں نے قبضہ کرر کھا ہے،سبزی اور لنڈا بازار میں خریداری کے لئے آنے والوں کی گاڑیوں کی غلط اور ڈبل پارکنگ کی وجہ سے ٹریفک جام ہو جاتا ہے اور پیدل چلنا بھی تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے،یہاں سے گزرنے والوں کا اچھا خاصا وقت برباد ہو جاتا ہے،عوامی وسماجی حلقوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کی جانب سے جب کارروائی کی جاتی ہے تو تجاوزات ختم ہو جاتی ہیں،لیکن پھر کچھ وقت کے بعد تجاوزات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا جائے۔اور خلاف ورزی کرنے والوں پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔انھوں نے کہا کہ تجاوزات کے باعث شہریوں کو شدید مسائل کا سامنا رہتا ہے اس مسئلے کا مستقل حل نکالا جائے۔اور عوام کو ذہنی کوفت سے نجات دلائی جائے۔علاوہ ازیں انھوں نے کہا کہ نکاسی آب کا نظام بھی درہم برہم ہے،سڑک پر ہر وقت پانی موجود رہتا ہے،ٹریفک جام ہو جاتی ہے،انھوں نے کہا کہ اس کا فوری طور پر تدارک کیا جائے۔

کلی مبارک میں مسائل کے انبار،تجاوزات کی بھرمار،جا بجا گندگی کے ڈھیر

لوگوں کو آمدورفت میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے،نالیاں بند ہونے سے پانی سڑک پر بہتا رہتا ہے،مکین

کوئٹہ(اسٹاف رپورٹر)کلی مبارک میں تجاوزات کی بھرمار،دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے سڑک کے دونوں اطراف قبضہ کرر کھا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کا پیدل چلنا بھی محال ہوکررہ گیا ہے،گاڑیوں کی بھی طویل اور لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں،کئی بار تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی لیکن صورتحال میں کوئی تبدیلی نہیں آسکی ،تفصیلات کے مطابق کلی مبارک سپنی روڈ پر دکانداروں اور ریڑھی بانوں نے سڑک کے دونوں اطراف قبضہ کرر کھا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کا پیدل چلنا بھی محال ہوکررہ گیا ہے،رہی سہی کسر رکشے والے پوری کردیتے ہیں،صبح اور شام کے اوقات میں یہاں سے گزرنے میں کافی وقت لگ جاتا ہے ،اور آنے جانے میں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ،علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ صفائی کی صورتحال بھی ناگفتہ بہ ہے' نالیاں بند ہونے کی وجہ سے پانی سڑک پر بہتا ہے اہل علاقہ کے مطابق جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے بدبو اور تعفن پھیل رہا ہے جس کے باعث امراض پھیلنے کا بھی خدشہ ہے انھوں نے کہا کہ فی الفور صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔اور تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

صوبائی دارالحکومت میں پلاسٹک تھیلوں کی فروخت کا سلسلہ تاحال نہ رک سکا

پلاسٹک کو باقاعدہ طور پر ٹھکانے لگانے کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو رہا ہے

کوئٹہ(اسٹاف رپورٹر)صوبائی دارالحکومت میں پلاسٹک تھیلوں کی فروخت کا سلسلہ نہ رک سکا بیماریوں کے ساتھ مسائل بھی جنم لینے لگے انتظامیہ نوٹس لے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پلاسٹک کے تھیلے جہاں عوام کیلئے سہولت ہیں وہاں پر تھیلے مختلف بیماریوں کے ساتھ ساتھ مسائل میں بھی اضافہ کررہے ہیں اور بازار میں سرعام پلاسٹک تھیلے فروخت ہورہے ہیں شہری یہ پلاسٹک کھانے پینے اور دیگر اشیاء لے جانے کیلئے استعمال کررہے ہیں پلاسٹک تھیلوں کے متعارف ہونے سے قبل شہر کے باسی،برتن،کپڑے اور قدرتی کپاس سے بنی ہوئی ٹوکریاں استعمال کرتے تھے مگر پلاسٹک تھیلوں کے استعمال کا رجحان میں اضافہ ہورہا ہے جو عوام کی صحت کیلئے بھی نقصان دہ ہے دوسری جانب تھیلوں کی وجہ سے شہر میں نکاسی آب کے نظام بھی متاثر ہوتا ہے جس کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے پلاسٹک کے استعمال اور ان کو باقاعدہ طور پر ٹھکانے لگانے کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے کوئٹہ شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہورہا ہے ماہرین صحت کے مطابق ایسے پلاسٹک کے تھیلے بھی فروخت ہورہے ہیں جس کے استعمال سے کھانے پینے کی اشیاء زہریلی ہونے کے انسانی صحت پر مضر اثرات پڑرہے ہیں دوسری جانب عوامی وسماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور پلاسٹک تھیلوں پر پابندی یقینی بنائی جائے۔

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر آوارہ کتوں کا راج

رات کے اوقات میں ایمرجنسی میں گھر سے باہر نکلنا رسک بن گیا ، شہری

میٹروپولیٹن شہر میں آوارہ کتوں کو تلف کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے

کوئٹہ(اے این این)صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر آوارہ کتوں کا راج ہے مختلف علاقوں میں درجن کے قریب لوگوں کو کاٹ کر زخمی کیا میونسپل کارپوریشن کے متعلقہ حکام اس بارے کارروائی کرکے کتامار مہم کا آغاز کریں ورنہ اس سے مزید انسانی جانوں کے ضیاع کا خطرہ ہے واضح رہے کہ اس وقت کوئٹہ کے مختلف علاقوں سریاب روڈ' بروری روڈ' جناح ٹاؤن' البرٹ گیٹ' خروٹ آباد دیگر علاقوں میں آوارہ کتے قابو سے باہر ہوچکے ہیں مختلف سڑکوں پر آکر عوام کو کاٹ کر زخمی کیا جارہا ہے گزشتہ کئی دنوں کے دوران درجن کے قریب لوگوں کو کاٹ کر زخمی کیا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ انسان ایک طرف کتے کاٹ کر زخمی کرتے ہیں اور دوسری جانب ہمارے دو ہسپتالیں جن کی سالانہ ایک کھرب کے قریب فنڈز ہوتے ہیں اس میں کتا مار انجکشن تک میسر نہیں ہے عوامی حلقوں نے اس سلسلے میں حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ آوارہ کتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور ہسپتالوں میں اس طرح ضروری انجکشن فراہم کرنے کیلئے اقدامات کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 20

خضدار سے اغواء ہونیوالی خاتون آسمہ جنک بازیاب

خضدار سے اغواء ہونے والی خاتون آسمہ جنک پولیس کی کاروائی میں بازیاب کرلی گئی۔ ڈی آئی جی پولیس قلات رینج خضدار سہیل خالد ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی ایس ایس پی خضدار جاوید زہری کی مشترکہ پریس کانفرنس۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل قلات رینج خضدار سہیل خالد نے گفتگو کرتے بتایا کہ پانچ اور چھ تاریخ کی درمیانی رات کو اغوا کا افسوسناک واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے پورے بلوچستان میں ایک تشویک کی لہر دوڑ گئی تھی اور ہر شخص ہر مکتبہ فکر نے ہر سیاسی جماعت نے اس کی بھرپور مزمت کی تھی اور پولیس کو یہ پریشر دیا تھا کہ اس کے ساتھ یہ توقع کی جا رہی تھی کہ لڑکی کو بازیاب کرایا جائے جیسے ہی یہ واقعہ پیش آیا لڑکی کے خاندان نے بجائے اس کے کہ پولیس کو اطلاع دیتی بلکہ انہوں نے اپنے قبیلے کے ساتھ ملکر روڈ کو بلاک کر دیا اور جب ان سے کہا گیا کہ مقدمہ کے لیے درخواست دے دیں تو انہوں نے وقت ضائع کر دیا اس کے بعد انتظامیہ کے لیے یہ ایک مشکل مرحلہ ہوتا ہے کہ وہ ایسے حالات کنٹرول کریں جو عام شہریوں کے لیے اذیت کا باعث ہو انہوں نے دوسرے دن درخواست دی انہوں نے ہمیں سات تاریخ کو درخواست دی جس کے بعد ہم نے تفتیش کا آغاز کیا اور پھر اس میں لوگوں کا نام بھی شامل تھے جس کے بعد ہم نے ملزمان کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا اور اس واقعہ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بھی مسلسل نگرانی کر رہے تھے ملزمان فون بند کر کے روپوش ہو گئے تھے جس کے بعد ہمارے لیے یہ مشکل ہو گیا تھا کہ ہم انہیں کس طریقے سے گرفتار کریں لیکن اس میں ہمارے اداروں نے بنیادی کردار ادا کیا اور ہماری رہنمائی کی انہوں نے کہا کہ بالآخر ہمیں یہ مصدقہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ ملزمان مغویہ خاتون کے ہمراہ زہری میں موجود ہیں۔ جس کے بعد ہم نے ایک ٹیم بنا کر زہری بھیجی اور ایس ایس پی خضدار کی نگرانی میں ٹیم وہاں پہنچی اور اس علاقے کو گھیرے میں لیا تا ہم ملزمان نے لڑکی کو پہاڑی علاقے میں چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوئے اور شکر ہے کہ ہم نے خاتون کو باحفاظت بازیاب کر لیا انہوں نے کہا کہ میں اپنے ان اداروں کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے ہمیں اس مشکل وقت میں بھرپور ساتھ لیکر رہنمائی کرتے رہے اس کے علاوہ ہمیں مختلف سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین کا بھی بھرپور تعاون رہا انہوں نے کہا کہ میں خصوصا کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی اور ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے بھی ہمارے ساتھ مسلسل اس مشکل میں ساتھ رہے انہوں نے کہا کہ اب قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ہم مغویہ خاتون کو انکے ورثاء کے حوالے کر رہے ہیں اور امید کرتے ہیں ان کے ورثاء اب عوام الناس کی خاطر اپنا احتجاج ختم کریں اور ہمیں یہ مہلت دینگے کہ ہم بھرپور طریقے اس ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوشش کریں گے انہوں مزید کہا کہ اس واقعہ ہم نے چودہ افراد کو حراست میں لے رکھا ہے جن سے تفتیش کا عمل جاری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 21

زرعی آمدنی پر ٹیکس، بلوچستان کی زمینداروں کے مشکلات، وفاقی سطح پر زرعی پالیسی کے ذریعے پیکج کی ضرورت

زراعت بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، بلوچستان میں لہسن اور پیاز کی کاشت کے لیے ماحول انتہائی سازگار ہے جب کہ سیب، انگور، کھجور، چیری، آڑو اور خوبانی کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے۔ اسی طرح کوئٹہ شہر کے نواحی علاقوں میں پھلوں اور مختلف میوہ جات کی بڑی اقسام بھی کاشت کی جاتی ہے۔ انگور، چیری اور بادام صوبے میں قومی پیداوار کا 90 فیصد حصہ ہیں بلوچستان تقریباً 60 فیصد آڑو، انار، خوبانی تقریباً 34 فیصد سیب اور 70 فیصد کھجور برآمد کرتا ہے مگر گزشتہ چند برسوں کے دوران موسمیاتی تبدیلی، سیلاب کی وجہ سے کسانوں کو بڑے پیمانے پر نقصان اٹھانا پڑا ہے، کھڑی فصلیں تباہ ہوئیں، اربوں روپے مالیت کے نقصان کا ازالہ اب تک نہیں ہوسکا ہے۔ بلوچستان میں زمینداروں کو بجلی اور پانی جیسے بحران کا بدترین سامنا بھی ہے بروقت فصلیں تیار نہ ہونے سے کسانوں کو مالی نقصان ہوتا ہے۔ پی ڈی ایم کی سابقہ اور موجودہ وفاقی حکومت نے بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن پالیسی لائی ہے تاکہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے زمینداروں کا مسئلہ حل ہوسکے اور وہ اپنی زمینوں کو زیادہ بہتر اور سستے طریقے سے آباد کرسکیں، یہ ایک امید کی کرن ہے کہ بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں بہتری لانے کیلئے کسانوں کو ریلیف دیا جارہا ہے البتہ پانی کا مسئلہ ابھی بھی حل طلب ہے۔ بلوچستان کو اس کے پانی کا جائز حصہ معاہدے کے تحت نہیں مل رہا ہے جس سے بلوچستان کا گرین بیلٹ بری طرح متاثر ہے۔ اس خطےمیں سب سے بڑا اور واحد معاش کا ذریعہ زراعت ہے اگر ڈیمز کی تعمیر سے پانی جیسے اہم مسئلے کو حل کیا جائے تو بلوچستان پیداواری صلاحیت میں مزید اضافہ کرسکتا ہے۔ بلوچستان کے کسانوں کی مشکلات اپنی جگہ اب بھی برقرار ہیں جس کیلئے بلوچستان میں زرعی پالیسی پر توجہ دے کر دیہی لوگوں کی آمدنی اور روزگار میں اضافہ کے ساتھ زرعی انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے مگر اس کے برعکس کسانوں پر ٹیکسز کا بوجھ بڑھا دیا گیا ہے جس سے ان کیلئے مزید مسائل پیدا ہونگے۔ آئی ایم ایف کے شرائط پورے کرنے کیلئے ملک کے زرعی شعبے پر ٹیکس لاگو کیا گیا ہے جسے اسمبلیوں سے منظور کروایا گیا ہے۔ گزشتہ دنوں بلوچستان ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچرل انکم کا ترمیمی مسودہ قانون 2025 ایوان میں پیش کیا گیا۔ بل کے تحت زیادہ آمدن والے زمینداروں پر سپر ٹیکس بھی لاگو ہوگا، بل میں تجویز پیش کی گئی ہے کہ سالانہ زرعی آمدنی 6 لاکھ روپے تک ہونے پر ٹیکس لاگو نہیں ہوگا جبکہ 6 لاکھ سے 12 لاکھ تک آمدن پر 15 فیصد ٹیکس نافذ ہوگا۔ اس بل کی بلوچستان میں زیادہ مخالفت کی جارہی ہے۔ گرین کسان اتحاد بلوچستان تنظیم کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف کی ایما پر بلوچستان سمیت ملک بھر میں زرعی پیداوار پر 35 فیصد ٹیکس ظالمانہ اور زمیندار کش اقدام ہے، اسے مسترد کرتے ہیں، بلوچستان میں زراعت کو جدید اور سائنسی خطوط پر استوار کرنے کے لئے زمینداروں اور کاشکاروں کو تربیت کی فراہمی یقینی بنا کر پنجاب طرز پر بلوچستان کے زمینداروں کو کسان کارڈ کا اجراء کیا جائے تاکہ زمینداروں کی مشکلات میں کمی آسکے، کیسکو کی کارکردگی انتہائی مایوس کن اور زمیندروں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ دریائے سندھ پر پنجاب میں مزید 6 کینالز نکالنا بلوچستان دشمن پالیسی ہے اس کی مذمت کرتے ہیں یہ زمینداروں کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ گرین بیلٹ میں کسانوں اور کاشت کاروں کو بروقت پانی، باردانہ اور گندم کی خریداری یقینی بنانے سمیت دیگر مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بہرحال بلوچستان کے زمینداروں کی مشکلات کو کم کرنے اور انہیں سہولیات فراہم کرنا وفاق کی اولین ذمہ داری ہے بلوچستان کے زمینداروں کے مسائل بہت زیادہ ہیں حالیہ ٹیکسز ان کی مشکلات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ انہیں کسان کارڈ اجراء سمیت دیگر ذرائع سے ریلیف دینے کیلئے زرعی پالیسی بنائی جائے تاکہ بلوچستان میں زراعت کا شعبہ متاثر نہ ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ میزان

Bullet No. 6 Dated: 10 FEB 2025 Page No. 22

بلوچستان میں سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں میں اضافہ کیلئے اہم پیش رفت!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان میں سرمایہ کاری اور صنعتی وتجارتی سرگرمیوں میں اضافے کیلئے اہم پیش رفت جاری ہے۔بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون کی کاوشوں سے پاکستان سمیت مختلف ممالک کے سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔گذشتہ روز اسلام آباد میں وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر خان زرکون سے چانگ جیانگ انڈسٹریز کے چیئرمین مسٹر رانگ ہانگ نے ملاقات کی۔اس موقع پر چانگ جیانگ انڈسٹریز اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے درمیان بلوچستان میں سپیشل تعاون اور صنعتی ترقی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔بات چیت میں خطے میں مختلف صنعتوں کی ترقی میں ان کے کردار پر زور دیا گیا۔علاوہ ازیں شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے سی ای او یاسر بھبھائی نے بھی بی بی او آئی ٹی کے حکام سے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں الیکٹرانک وہیکلز اور الیکٹرانک چارجنگ سٹیشنز میں سرمایہ کاری پر غور کیا گیا۔جبکہ توانائی کے شعبے کی ترقی کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر بات چیت کی گئی۔وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اقتصادی سرگرمیوں کا فروغ ضروری ہے۔ہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں ملکی وغیر ملکی کمپنیوں کو تمام ممکنہ سہولیات اور تعاون فراہم کریں گے۔یہ صوبہ قدرتی وسائل سے مالا مال ،دنیا کے بہترین محل وقوع پر مشتمل سرمایہ کاری وعالمی تجارت کے لیے موزوں خطہ ہے۔اہل بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بنیاد فراہم کرتے ہیں۔صوبائی حکومت بلوچستان میں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔غیرملکی سرمایہ کاران مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور یہاں صنعتوں کے قیام سمیت دیگر شعبوں کی ترقی میں اپنا کردارادا کریں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان میں سرمایہ کاری اور صنعتی وتجارتی سرگرمیوں میں اضافے کے لیے اہم پیش رفت جاری ہونا قابل تعریف اقدام ہے۔اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون کی کاوشیں احسن اقدام ہیں۔ان کی چینی کمپنیوں کے حکام سے ملاقاتیں اور ان کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے راغب کرنا صوبے میں صنعتوں کے قیام کے لیے اچھی پیش رفت ہے کیونکہ اس وقت بلوچستان میں پرائیویٹ صنعتیں نہ ہونے کے برابر ہیں جو صوبے کی پسماندگی کی ایک بڑی وجہ ہے۔کیونکہ صوبے میں بیروزگاری بھی بہت زیادہ ہے جس کے باعث نوجوانوں میں احساس محرومی پیدا ہورہا ہے اگر بیرونی کمپنیاں صوبے میں سرمایہ کاری کرنے پر راضی ہوجائیں تو یہ بلوچستان اور اس کی عوام کی خوش قسمتی ہوگی۔

امید ہے کہ اس سلسلے میں وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون کی مذکورہ کاوشیں کامیاب ہوں گی جو کہ بلوچستان اور ان کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025

Page No. 23

Frequent closure of highways

The Quetta-Karachi Highway remained closed at Khuzdar for nearly three consecutive days as a protest against the abduction of 17-year-old Asma Baloch. The highway closure caused significant hardship for travelers, disrupting transportation and daily life. Unfortunately, this was not an isolated incident; blocking highways to express grievances has become a common occurrence in the region, highlighting deeper issues of governance, law enforcement, and public frustration. While the right to protest is fundamental in any democratic society, shutting down vital transportation routes inflicts severe hardships on the general public. It disrupts economic activity, causes logistical nightmares, and affects individuals who have no direct connection to the issue at hand. The repeated use of highway blockades as a protest strategy—whether for political reasons or demands for justice, such as in cases of missing persons—negatively impacts innocent citizens, including those who may even sympathize with the cause but suffer unintended consequences. The consequences of such closures are far-reaching. Passengers are left stranded for hours or even days, businesses suffer losses due to disrupted supply chains, and the movement of essential goods and services, such as medical supplies and food, is severely hampered. Additionally, students and professionals who rely on these routes for daily commutes face significant challenges. Moreover, such disruptions create an atmosphere of uncertainty and fear, discouraging investment in the province and hindering its economic growth. In cold weather, prolonged closures of the Quetta-Karachi Highway pose serious risks to passengers, particularly those traveling by bus or private vehicles without adequate resources to withstand long delays. The government bears a significant responsibility in addressing this issue. It must take a firm stance against highway closures, regardless of the reasons behind them. A robust legal framework should be established to prevent such actions, ensuring swift consequences for those who violate these regulations. However, punitive measures alone are not enough; authorities must proactively engage with affected groups to find peaceful and constructive solutions to their concerns. In the case of missing persons, the government has a moral and legal duty to conduct thorough investigations and provide timely, transparent updates to their families, reducing the need for such extreme protests. Additionally, the numerous security checkpoints along Balochistan's highways contribute to traffic congestion and delays. While security concerns are valid, efforts should be made to minimize the impact of these checkpoints on traffic flow through better management and technology. The frequent and painful closure of highways in Balochistan is a major obstacle to the province's progress and a significant injustice to its people.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

PAGE #1

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 24

Quetta's crumbling road network

The roads of Quetta tell a story of neglect and decay. Potholes the size of craters, crumbling sidewalks, and faded traffic markings define the landscape of what should be a thriving urban environment. Daily commuters face treacherous driving conditions, putting their safety at risk and often leading to traffic accidents. These deteriorating roads also affect public transportation systems, causing delays that ripple through the lives of ordinary citizens. The impact on local businesses is palpable; the cumbersome travel hinders accessibility, discouraging consumers from reaching shops and markets, and deterring potential investors. The situation is compounded by the unique geographical challenges that Quetta faces. Being situated at a higher altitude means that winters can be particularly harsh, with snowfall adding to the risk of road closures and disruptions. Yet, rather than responding to these challenges with foresight and planning, successive administrations have opted for ad hoc solutions patchwork repairs that fail to address the underlying problems. This short-sightedness not only wastes public funds but also perpetuates a cycle of deteriorating infrastructure. Population of Quetta has been growing rapidly, creating an escalating demand for an improved transport network.

As more people flock to the city in search of better opportunities, the existing roads, which are already in disrepair, have become insufficient. This surge in population also means that the city needs roads that can accommodate increased vehicular traffic while ensuring pedestrian safety. A comprehensive master plan for road development must be established, taking into account not only current needs but also future growth. Critics of the current state of Quetta's infrastructure often point to bureau-

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

PAGE # 2

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 25

cratic inefficiencies, lack of prioritization, and inadequately allocated budgets as major contributors to the problem. While these factors undoubtedly play a role, there is also a pressing need for community engagement in the planning and execution of road infrastructure projects. The voices of local citizens should influence decisions that directly affect their lives. Public consultations and participatory planning can yield more responsible projects that better serve the community's interests.

New road projects must endeavor to preserve the character of the city, ensuring that modernization does not come at the cost of erasing its historical and cultural sites. Incorporating green spaces, pedestrian paths, and bike lanes should be a priority, transforming streets into vibrant spaces for gatherings and social activities. Disarray of Quetta's road infrastructure is an issue that affects everyone-citizens, businesses, and the overall development of Balochistan. An urgent call for action is needed from local authorities, policymakers, and community leaders to initiate a comprehensive and strategic overhaul of the road network. Investing in modern, well-maintained roads is not merely an aesthetic improvement; it is a necessary foundation for sustainable economic growth and improving the quality of life for the residents of Quetta. Let us come together as a community to advocate for the change that Quetta so direly deserves. Quetta, the capital city of Balochistan, serves as a vital hub for culture, trade, and politics in Pakistan. Despite its strategic significance, Quetta's road infrastructure languishes in a state of disrepair that is not only detrimental to its citizens but also hampers economic growth and connectivity with the rest of the country. The time has come for an urgent and comprehensive overhaul of Quetta's road network a change that is desperately needed and long overdue.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 27

بلوچستان میں بغاوت کچلنے کے لیے محرومیاں ختم کی جائیں!

سید مجاہد علی

پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے بلوچستان میں غیر ملکی طاقتوں کے آلہ کار عناصر کو ہر قیمت پر ختم کرنے اور امن بحال کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ گزشتہ دنوں دہشت گردوں کے ساتھ جھڑپوں میں 18 فوجیوں کی شہادت کے بعد کوئٹہ کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'نام نہاد دوست نما دشمن کچھ بھی کر لیں، پاک فوج انہیں قوم کے تعاون سے شکست دے گی'۔

آئی ایس پی آر کی اطلاع کے مطابق گزشتہ دنوں مختلف کارروائیوں میں فوج نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 23 دہشت گردوں کو ہلاک کیا لیکن اس دوران 18 فوجی جوان بھی جاں بحق ہوئے۔ ایک ہی وقت میں اپنی فورس کے اتنے زیادہ جوانوں وافسروں کی شہادت پر جنرل عاصم منیر کی جھنجلاہٹ اور غصہ قابل فہم ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ دیکھنے کی بھی ضرورت ہے کہ مسلح جد و جہد پر مائل ہونے والے عناصر بھی پاک سرزمین ہی کے باشندے ہیں لیکن حالات نے انہیں تشدد اور تصادم پر آمادہ کیا ہے۔ ایسے عناصر کو دشمن کا ایجنٹ اور آلہ کار قرار دے کر ان سے رابطہ و تعلق ختم کرنے کی بجائے، یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ ان لوگوں کو کیسے واپس مین اسٹریم میں لایا جاسکتا ہے۔ آرمی چیف کی یہ بات تو درست ہے کہ اس وقت بلوچستان کے متعدد علیحدگی پسند عناصر کو دشمن ممالک کی مالی وعسکری امداد حاصل ہے۔ بعض عناصر گمراہ ہو کر دشمن کے جال میں بھی پھنسے ہوئے ہیں لیکن اگر اپنا ہی کوئی عضو سنگین غلطی کا ارتکاب کرے تو اسے خود اپنے بدن سے کاٹ کر علیحدہ نہیں کیا جاسکتا۔ اس طریقے سے تو ہم اپنے ہی لوگوں کو دشمن کی طاقت میں اضافہ کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔

بلوچستان کے دورہ کے موقع پر پاک فوج کے سربراہ نے دہشت گردی کے خلاف فورسز اور سکیورٹی اداروں کے کردار اور ملکی دفاع کے لیے سکیورٹی اہلکاروں کے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو قوم کے ساتھ مل کر شکست دیں گے۔ جب بھی جہاں بھی ضرورت پڑی دشمنوں کا قلع قمع کرنے کے لئے لازمی کارروائی کریں گے۔ غیر ملکی آقاؤں کے آلہ کار جو دہشت گردی میں ملوث ہیں، ان سے آگاہ ہیں۔ یہ عناصر منافقت کا دوہرا معیار اپنا کر، در پردہ دوسری طرف سے کھیل رہے ہیں۔ تاہم مادر وطن اور عوام کے دفاع کے لیے ہم یقیناً دہشت گردوں کا سراغ لگا کر انہیں انجام تک پہنچائیں گے۔ دوست نما دشمن کچھ بھی کر لیں انہیں قوم کے تعاون سے پاک آرمی کے سامنے شکست ہوگی۔

ان تمام باتوں سے مکمل اتفاق کے باوجود یہ کہنا ضروری محسوس ہوتا ہے کہ دہشت گردی کے وا[illegible]ت سے پیدا ہونے والی سنسنی خیز صورت [illegible] میں صبر و حوصلے کا دامن ہاتھ سے نہیں [illegible]نا چاہیے۔ ملک کی سیاسی حکومت کے علاوہ عسکری قیادت کو یہ باور کرنا چاہیے کہ گمراہ ہو جانے والے لوگ بھی اس قوم کا حصہ ہیں، جنہوں نے دہائیوں پر محیط متعدد سیاسی غلطیوں اور وعدوں کی تکمیل نہ ہونے کی وجہ سے طاقت کے استعمال کا راستہ اختیار کیا ہے۔ اس وقت پاکستان کو مشرق اور مغرب کی جانب سے یکساں طور سے اندیشوں کا سامنا ہے۔ اگر بھارت کی انٹیلی جنس علیحدگی پسند اور شورش برپا کرنے والے عناصر کی سرپرستی و امداد کر کے پاکستان کے مسائل میں اضافہ کا سبب بنی ہوئی ہے تو افغانستان میں طالبان کی حکومت نہ صرف بلوچ علیحدگی پسندوں کی سہولت کاری میں معاونت کا سبب بنتی ہے بلکہ اس نے تحریک طالبان پاکستان کی سرپرستی کے ذریعے ملک میں دہشت گردی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس موقع پر کابل کی طالبان حکومت یہ فراموش کر چکی ہے کہ پاک فوج ہی نے دہائیوں تک ان کی مدد کی۔ جب وہ امریکہ اور اس کے حلیف ممالک کی طاقت ور فوج کے خلاف جدوجہد کر رہے تھے تو پاکستان ہی ان کی امیدوں کا واحد مرکز تھا۔

تاہم اس صورت حال میں پاکستان اگر طالبان کے حوالے سے دہائیوں پر محیط اپنی حکمت عملی اور پالیسی کا جائزہ لے کر کوئی نئی راہ متعین کر سکے تو اسے دوست دشمن میں تمیز کرنے میں آسانی پیدا ہوگی۔ دہشت گردی اور داخلی شورش کے حوالے سے پاکستان اس وقت شدید مشکل صورت حال کا سامنا کر رہا ہے۔ پاک فوج طویل سرحدوں کی حفاظت کرنے کے علاوہ دور دراز علاقوں میں چھپ کر بزدلوں کی طرح وار کرنے والے دہشت گرد اور تخریبی عناصر مسلسل حملوں کا سامنا کر رہی ہے۔ ان کارروائیوں میں پاک فوج کو مسلسل جانی نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔ البتہ ان حالات کو تبدیل کرنے کے لیے پر جوش دعوے کرنے سے پہلے پاکستانی فوج اور سیاسی قیادت کو مل بیٹھ کر اور اپنے اپنے طور پر گزشتہ چالیس سال کے دوران کی جانے والی سیاسی و عسکری حکمت عملی کے نقائص کا جائزہ لینا چاہیے۔ اگر جذباتی کیفیت کے بغیر ان تجربات کا احاطہ کر کے یہ سمجھنے کی کوشش کی جائے کہ اس مدت میں اختیار کی گئی حکمت عملی کس حد تک پاکستان کے لیے مہلک ثابت ہوئی ہے تو ملکی قیادت کو مستقبل کا بہتر لائحہ عمل بنانے کا موقع مل سکتا ہے۔

دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی نام نہاد جنگ میں فریق بن کر پاکستان نے صرف نقصان اٹھایا ہے۔ یہ پالیسی اختیار کرتے ہوئے صرف امریکہ سے ملنے والی مالی امداد اور عسکری خدمات کے معاوضے کا حساب کیا گیا اور یہ قیاس کر لیا گیا کہ ملک کی معاشی صورت حال بہتر ہو گئی تو باقی ماندہ مسائل کا حل بھی تلاش کر لیا جائے گا۔ لیکن یا تو اس وقت یہ اندازہ ہی نہیں کیا گیا کہ ملک میں جس مذہبی شدت پسندی کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے، وہ بعد میں ایک سماجی علت بن جائے گی اور اس سے نمٹنا ممکن نہیں ہوگا۔ یہ شدت پسند عناصر ایک طرف معاشرے میں تفریق اور انتہا پسندی کا زہر پھیلائیں گے تو دوسری طرف ایسے عناصر کی حوصلہ افزائی کا سبب بنیں گے جو جعلی نعروں کی بنیاد پر ریاست اور اس کے اداروں پر حملے کرنے کو جائز سمجھتے ہیں۔

اس وقت ملک کو ایک طرف مذہب کو عذر بنا کر دہشت گردی کرنے والوں کا سامنا ہے تو دوسری طرف بلوچستان کی صورت حال ہے جہاں بلوچ علیحدگی پسند وفاقی حکومت سے ناراضی کا اظہار کرنے کے لیے ہتھیار اٹھانے پر آمادہ ہو چکے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان کے بھارت کے علاوہ اب طالبان حکومت کے ساتھ تعلقات یکساں طور سے کشیدہ ہیں۔ اسی لیے یہ دونوں ملک پاکستان کے خلاف سرگرم کسی بھی عسکری گروہ کی سرپرستی کو فرض عین سمجھتے ہیں۔ یہ صورت حال مقامی مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہونے والی ناراضی و پریشانی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ اگر ماضی بعید میں کی جانے والی غلطیوں کو نظر انداز بھی کر دیا جائے تو بھی ملک میں 2008 سے مسلسل منتخب جمہوری حکومتیں کام کر رہی ہیں۔ ان عرصے میں منعقد ہونے والے تمام انتخابات کے بارے میں اعتراضات اور تضادات موجود ہیں لیکن اس کے باوجود اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ ان پندرہ سولہ برسوں میں مسلسل آئینی پارلیمانی نظام موجود رہا ہے۔ پارلیمنٹ کام کرتی رہی اور صوبائی دارالحکومتوں میں بھی اسمبلیاں فعال رہی ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے اٹھارہویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو بااختیار کرنے کے باوجود صوبائی حکومتیں ا[illegible] علاقوں کے لوگوں کی شکایات و مسائل دور [illegible]نے میں ناکام رہی ہیں۔ یہ صورت حال کسی حد تک پنجاب میں بھی موجود ہے لیکن سندھ، خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں اس کی شدت نمایاں ہے۔ بلوچستان میں تو عام لوگوں کے حالات اس قدر دگرگوں ہیں کہ عسکری گروہ طاقت حاصل کر کے اب نام نہاد آزادی کی جنگ لڑنے کا اعلان کرتے ہیں اور دشمن ممالک پاکستان کو کمزور کرنے کے لیے ان عناصر کی امداد کرتے ہیں۔

ایسے میں جوش میں ہوش کھونے کی بجائے پاکستانی لیڈروں کو پہلے تو خود یہ سوچنا چاہیے کہ کیا وجہ ہے کہ دہائیوں تک سیاسی مسائل سامنے آنے کے باوجود اور ان کا اعتراف کرنے کے باوصف انہیں حل کرنے کے لیے کوئی موثر منصوبہ سامنے کیوں نہیں آیا۔ بلوچستان میں مسلسل ایسے سرداروں اور قبائلی لیڈروں کی سرپرستی کے ذریعے انہیں اقتدار سونپا جاتا رہا ہے جن کا عوام سے رابطہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ اور جو ان کی ضروریات و مجبوریوں کو یا تو سمجھتے نہیں ہیں یا وہ انہیں کوئی خاص اہمیت دینے پر تیار نہیں ہوتے۔ یہ صورت حال پیدا کرنے میں صرف بلوچ سردار ذمہ دار نہیں بلکہ ان کی سرپرستی کرنے والی ہر وفاقی حکومت اور عسکری قیادت بھی اس خرابی میں بالواسطہ طور سے شریک رہی ہے۔ اب بھی یہی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ بلوچستان میں علیحدگی کی مہم نے محرومی و احتیاج سے جنم لیا ہے۔ اسے ختم کرنے کے لیے سب سے پہلے محرومیوں کو سمجھنے اور ان کا شافی علاج تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

ان محرومیوں میں سرفہرست لاپتہ افراد کا مسئلہ ہے۔ بلوچستان کا تقریباً ہر گھر اس مشکل سے دوچار ہو چکا ہے۔ اپنے حقوق کی بات کرنے والے کسی بھی شخص کو اٹھا لیا جاتا ہے اور ملک کے نظام عدل میں اس کا کوئی ریکارڈ شامل نہیں ہوتا۔ کسی شخص کے خلاف نہ تو مقدمہ قائم ہوتا ہے اور نہ کسی عدالتی کارروائی کے ذریعے اسے جوابدہ جانے کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے۔ اس کا نتیجہ ہے کہ کچھ نوجوان غصے اور مایوسی کے عالم میں اس ملک دشمن تحریک کا حصہ بن جاتے ہیں جو ریاست کے خلاف جنگ آزما ہے۔ انہی عناصر کو آرمی چیف اب دشمن کے آلہ کار قرار دے کر ختم کرنے کا عندیہ دے رہے ہیں۔ لیکن جنگ کی بجائے یا اس کے ساتھ ساتھ، اگر محرومی ختم کرنے کے لیے بھی کوئی اقدام کیا جاسکے تو ایک طرف فوج کی اس عوامی مقبولیت میں اضافہ ہوگا جس کی ضرورت پر جنرل عاصم منیر ہر تقریر میں زور دیتے ہیں۔ دوسرے گھروں میں ان کے پیاروں کی واپسی سے بے چینی، غصے اور جارحیت کی کیفیت ختم ہوگی۔ یوں اس مسئلہ کو جڑ سے ختم کیا جاسکتا ہے جس کے لیے بڑے پیمانے پر عسکری کارروائیاں ضروری ہو چکی ہیں۔

لاپتہ افراد کا مسئلہ نہ تو سیاسی حکومت حل کر سکی ہے اور نہ ہی ملکی عدالتی نظام اس بارے میں کوئی ریلیف دینے میں کامیاب ہوا ہے۔ یہ مسئلہ پاک فوج ہی حل کر سکتی ہے۔ جنرل عاصم منیر اگر ذاتی دلچسپی سے اسے حل کرائیں اور غیر قانونی اور خفیہ طور سے پکڑے گئے تمام شہریوں کو رہا کر دیا جائے تو اس سے ملک میں کوئی آفت بپا نہیں ہوگی بلکہ محروم عوام کے ساتھ اعتماد سازی میں اضافہ ہوگا اور خوشگوار نتائج کی امید کی جاسکتی ہے۔

اس ایک بڑے مسئلہ کے علاوہ سہولتوں اور دیگر شکایات دور کرنے کے لیے مقامی مقبول تحریکوں کو دشمن کا ایجنٹ سمجھنے اور ان کی حوصلہ شکنی کرنے کی بجائے، انہیں گلے لگایا جائے تاکہ اداروں اور لیڈروں کا عوام سے رابطہ بحال ہو اور ملک میں عوامی مسائل کو سیاسی عمل سے حل کرنے کی روایت پختہ ہو سکے۔

(بشکریہ۔ ہم سب بتوسط کاروان ناروے)

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 28

گدھوں کا سلاٹر ہاؤس

افکار پریشان

انور ساجدی

گدھوں کا مذبحہ خانہ، سی پیک کے تحت گوادر کی نمایاں ترقی، یہی نظر آرہی ہے۔ حالانکہ اصولی طور پر جس چیز کا خام مال جہاں وافر ہوا۔ کارخانہ اسی مقام پر قائم کیا جاتا ہے۔ نامکمل اطلاعات کے مطابق ضلع گوادر میں گدھوں کی تعداد بہت کم ہے یعنی خام مال کی بہت کمی ہے۔ لہٰذا وہاں گدھوں کا مذبحہ خانہ قائم کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ چین کی ڈیمانڈ پر ہماری منتخب جمہوری اور نابغہ روزگار حکومت نے گدھا شماری کی تھی جس کے مطابق سب سے زیادہ گدھے پنجاب میں، دوسرے نمبر پر سندھ میں اور تیسرے نمبر پر خیبر پختونخواہ میں پائے جاتے ہیں۔ کوئی ہو جو گوادر میں گدھوں کے مذبحہ خانہ کی منطق پیش کرے اور لوگوں کو سمجھائے کہ گوادر کا انتخاب کیوں کیا گیا ہے۔ اگر چہ یہ ایک کاروبار ہے اور اسکی چین کو بہت ضرورت ہے۔ چینی لوگ تقریباً ہر جاندار شے کو کھا جاتے ہیں۔ ان کی ہڈیوں سے برتن بناتے ہیں اور کھالوں سے کاسمیٹک اور ادویات تیار کرتے ہیں۔ لیکن ان مصنوعات کو چین لے جانے کے لئے پنجاب یا پختونخواہ کا انتخاب کیا جاتا تو اس کو آسانی کے ساتھ شاہراہ قراقرم کے ذریعے پہنچایا جاسکتا تھا کیونکہ گوادر سے سنجیانگ کا فاصلہ کم از کم ایک ہزار کلومیٹر سے زیادہ ہے، کاروباری پہلو سے قطع نظر گدھوں کے سلاٹر ہاؤس کا قیام ایک تضحیک آمیز اقدام لگتا ہے۔ ایک طرف سی پیک کے فنڈ سے لاہور میں اورنج ٹرین، لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں میٹرو سسٹم قائم کیا گیا جبکہ دوسری طرف سکھر تک موٹروے بنائی گئی۔ پورٹ کے سوا ابھی تک گوادر میں کوئی قابل ذکر منصوبہ تیار نہیں کیا گیا۔ ابتدائی پروگرام میں 3 سو میگاواٹ بجلی کے ایک کارخانہ کی تجویز تھی جس پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ہوا۔ پورے مکران ڈویژن کو بجلی ایران فراہم کرتا ہے حالانکہ دعویٰ یہ ہے کہ گوادر پورٹ چاہ بہار پورٹ سے بڑا اور گہرا ہے۔ خیر اب تو دونوں پورٹ چین کے پاس ہیں۔ اگر چین نے چاہ بہار میں کوئی بجلی گھر بنایا تو گوادر کو بھی بجلی فراہم کرسکتا ہے۔ سنا ہے کہ چین اور ایران کے درمیان ایران کے نئے کیپٹل سٹی کی تعمیر کے لئے گفت وشنید جاری ہے۔ یہ ایران کا اب تک کا سب سے بڑا اور میگا پروجیکٹ ہوگا جس کا ابتدائی تخمینہ ایک سوارب ڈالر ہوگا جو سی پیک سے دگنی مالیت کا ہے۔ گمان یہی ہے کہ امریکہ چین اور ایران دونوں کے راستے میں رکاوٹیں ڈالے گا تاکہ ایران اپنے حصے کی ساحلی پٹی کو ڈویلپ نہ کرسکے۔ صدر ٹرمپ نے پانامہ کو دھمکیاں دے کر پانامہ کینال سے چین کی بے دخلی کا انتظام کروایا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس اقدام کے بعد وہ کینال پر قبضہ کا ارادہ ترک کردے۔ اگر دیکھا جائے تو آبنائے ہرمز پانامہ کینال سے زیادہ اہم تزویراتی علاقہ ہے۔ ایشیا کے بیشتر ممالک کو تیل اسی راستے جاتا ہے۔ امریکہ کی نظر میں ہے کہ ایران اس پوزیشن میں نہ آئے کہ وہ آبنائے ہرمز کو بند کر سکے۔ جہاں تک سی پیک کا تعلق ہے تو صدر آصف علی زرداری نے چینی صدر سے ملاقات میں اس کے دوسرے مرحلے کو شروع کرنے کی درخواست کی ہے۔ چین نے سیکورٹی معاملات کی وجہ سے ہاتھ روکا تھا۔ یقینی طور پر صدر زرداری نے چین کے آگے اپنے تمام گر اور ہنر استعمال کئے ہوں گے۔ البتہ چینی سندھی کلچر کی رسم پیر چھونے کو اتنا اہم نہیں سمجھتے اور اس کا اثر بھی نہیں لیتے۔ جو مشترکہ اعلامیہ جاری ہوا ہے وہ زیادہ واضح نہیں ہے۔ اگر چہ دوطرفہ تعاون بڑھانے کا عندیہ دیا گیا ہے لیکن یہ بات خفیہ رکھی گئی ہے کہ دونوں ممالک سیکورٹی کے معاملہ کو کس طرح حل کریں گے۔ زرداری صاحب جو وفد لے کر چین گئے تھے وہ زیادہ تر سندھ کا وفد لگتا تھا۔ باقی پاکستان سے صرف محمد اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی کو شامل کیا گیا تھا۔ اگر چہ یہ محض قیاس آرائی ہوگی کہ زرداری نے ضرور چینی صدر کو سندھ میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے اور متعدد امکانات کی پیشکش کی ہے۔ اصولاً تو انہیں سی پیک کی بحالی کی بات کرنی چاہئے تھی۔ اگر چہ سیکورٹی کے ضمن میں چین کا مطالبہ معلوم نہیں۔ البتہ میڈیا میں اس طرح کی باتیں ہورہی ہیں کہ چین اپنے باشندوں کی سیکورٹی کا انتظام اپنے ہاتھ میں لینا چاہتا ہے لیکن پاکستانی حکام نے ابھی تک یہ مطالبہ تسلیم نہیں کیا ہے۔ عین ممکن ہے کہ بیجنگ میں ہونے والی گفتگو میں مشترکہ سیکورٹی پر رضامندی کا اظہار کیا گیا تو۔ یہ کیسے روبہ عمل آئیگا یہ حکام بالا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ہوسکتا ہے کہ چین سیکورٹی کے ماہرین کو پاکستانی حکام کی رہنمائی اور ٹریننگ کے لئے پاکستان بھیجے۔ صدر زرداری کے دورہ چین کی خاص بات وہ دوٹوک اعلان ہے کہ تعلقات کے ضمن میں پاکستان کے لئے چین پہلی ترجیح ہے۔ کوئی شک نہیں کہ 1972 سے اب تک چین اور پاکستان بہت قریب رہے ہیں لیکن 1972 تک چین پاکستان کی معاشی مدد کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔ بہت عرصہ بعد جب چین معاشی دیو بن گیا تو اس نے سرمایہ کاری کے لئے پاکستان کا انتخاب ہی کیا۔ لیکن امریکہ کی مداخلت سے وہ کبھی مطمئن نہیں ہوا۔ زرداری کے دوٹوک اعلان کے باوجود کسی کو یقین نہیں ہے کہ پاکستانی معاملات میں امریکہ یکسر خارج ہوجائے گا اور پاکستان صرف چین سے تعلق رکھے گا۔ ڈپلومیسی کے اصول کے تحت یہ عمل ناممکن ہے۔ اگر چہ گزشتہ افغان جنگ کے بعد امریکہ نے پاکستان کی عسکری امداد ختم کردی تھی اور جو تھوڑا بہت ملتا تھا وہ صدر ٹرمپ نے آکر اسے بھی ختم کردیا ہے البتہ کئی حوالوں سے پاکستان کو امریکہ کی ضرورت ہے۔ اسلحہ کی خریداری ہو یا پرزہ پاٹ کا حصول پاکستان کا بنیادی انفرااسٹرکچر ابھی تک امریکہ پر انحصار کرتا ہے۔ جنگی جہاز بنانے کے علاوہ پاکستان چین کا بہت زیادہ اسلحہ خرید نہیں رہا ہے۔ ہوسکتا ہے مستقبل میں وہ صرف چین پر انحصار کرے لیکن انڈیا تو امریکہ، روس اور یورپ سے اسلحہ خرید رہا ہے۔ پاکستان اگر چہ روس سے کسی قسم کا اسلحہ نہیں خرید رہا لیکن پوٹن کی پیشکش موجود ہے۔ روس کا اسلحہ امریکہ، فرانس اور دیگر یورپی اسلحہ کے مقابلے میں کمتر ہے۔ اسی طرح اسلحہ سازی میں چین بھی بہت آگے نہیں ہے۔ چنانچہ یہ انتخاب کرنا کہ پاکستان کا سرپرست اعلیٰ صرف اور صرف چین ہوگا ممکن نہیں ہے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ صدر زرداری نے سیکورٹی کو یقین دہانیاں کرائی ہیں اس کے بعد چین مطمئن ہوجائیگا قرین قیاس نہیں ہے۔ اگر مستقبل میں ماضی کی طرح ہونے والے حملوں کا مکمل سدباب ہوا تب چین مطمئن ہوسکتا ہے۔

جب سے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے منصب سنبھالا ہے وہ ہر روز نت نئے چٹکلے چھوڑ کر شہ سرخیوں میں رہتے ہیں۔ دنیا بھر کا میڈیا خاص طور پر سوشل میڈیا ٹرمپ کے اعلانات کو پاگل پن دیوانے کا خواب اور دنیا بھر سے بگاڑ سمجھتے ہیں لیکن ٹرمپ کو اس کی پرواہ نہیں۔ جب انہوں نے غزہ پر قبضہ کا اعلان کیا تو پیچھے سے امریکی ڈیپ اسٹیٹ نے وضاحت کی کہ امریکہ غزہ کے حصول کے لئے فوج نہیں بھیجے گا بلکہ بات چیت کے ذریعے اسے حاصل کرے گا۔ غزہ کی پٹی ٹرمپ کے داماد کو اتنی پسند آگئی ہے کہ وہ وہاں سمندر کے کنارے ریویرا بنانا چاہتے ہیں۔ ٹرمپ کی نیت بھانپ کر اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو نے تجویز پیش کی ہے کہ سعودی عرب کے پاس زمین بہت ہے لہٰذا وہ فلسطینی عوام کو اپنے ہاں آباد کرے یا فلسطینی ریاست وہاں پر قائم کرے۔ نیتن یاہو تو گریٹر اسرائیل بنانے کے چکر میں ہے جبکہ غزہ کی پٹی پر قبضہ کرکے ٹرمپ اس کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہا ہے۔ اگر عظیم تر اسرائیل کا خواب پورا ہوا تو سارا اردن، لبنان، مصر کا علاقہ غزہ صحرائے سینائی اور عراق کے بعض حصے اس میں شامل ہوں گے۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ غزہ کی پٹی اور غرب اردن کا علاقہ امریکہ کا حصہ بن جائے۔ ویسے تو اس دنیا میں کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ اپنے وقت کے سپر پاورز ہمیشہ جغرافیہ تبدیل کرتے رہے ہیں۔ اگر ٹرمپ بھی مشرق وسطیٰ اور امریکہ کا جغرافیہ تبدیل کرنا چاہیں تو کرسکتے ہیں۔ لیکن یہ بہت ہی مشکل بلکہ ناممکن کام ہے۔ امریکہ اور کچھ کرے نہ کرے وہ ایران کو اپنی اصلی حالت میں لاسکتا ہے۔ امریکہ، روس اور برطانیہ کی وجہ سے ہی ایران کا موجودہ جغرافیہ وجود میں آیا تھا اور اس کا نیا نام فارس سے ایران پڑا تھا۔ دیکھیں مشرق وسطیٰ کا جواہی سینٹر ہے یعنی ایران امریکہ اسکے بارے میں کیا فیصلہ کرے گا اس کے لئے انتظار کرنا پڑے گا۔

پاکستانی حکام نے پیکا قانون نافذ کرکے ٹی وی چینلوں کو ماضی کا پی ٹی وی بنانے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ جبکہ سوشل میڈیا کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں لیکن فوری طور پر کوئی کامیابی حاصل نہیں ہورہی ہے۔ سوشل میڈیا وہ طاقت ہے کہ اس نے ٹرمپ کو الیکشن جتوادیا۔ اگر گزشتہ سال 8 فروری کے انتخابات میں تحریک انصاف کو بھی کامیابی دلادی۔ یہ الگ بات ہے کہ نتائج کو تسلیم نہیں کیا گیا۔ سوشل میڈیا بلوچستان جیسے علاقہ میں بھی بہت کارگر ثابت ہورہا ہے۔ حال ہی میں خضدار میں ایک بچی کا جو اغوا ہوا اس کی بازیابی سوشل میڈیا کی مرہون منت ہے۔ یہ ایسی بلا ہے کہ اس نے ملک بھر کے مافیاز اور وارلارڈز کو چیلنج کر رکھا ہے۔ ماضی میں وارلارڈز کے خوف سے لوگوں نے ہونٹ سی لئے تھے اور حکومت بھی ان کی مرضی کے مطابق چلتی تھی لیکن اب ایسا نہیں ہے۔ ریاست کے مختلف حصوں میں جو بھی ظلم وجبر ہوتا ہے وہ سیکنڈوں میں سامنے آجاتا ہے اور مافیاز بے نقاب ہوجاتے ہیں۔ یہ ایک ایسا انقلاب ہے کہ اس نے پورے سماجی ڈھانچے کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ جو صاحبان عزو شرف ہیں اور جن کے پاس جبر کے ضابطے ہیں انہیں اپنے مظالم ترک کرنا ہوں گے ورنہ عوام ان کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے اور وہ معاشرے میں آزادانہ طور پر نقل وحرکت کرنے کے قابل نہیں رہیں گے۔

☆☆☆

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 FEB 2025 Page No. 29

امتحانات میں نقل سے پرہیز کریں
دیانت داری اپنائیں ، کامیابی پائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے
امتحانات میں نقل کے خلاف ایگزیکیٹو آرڈر جاری

محکمہ تعلیم کو، 11 فروری 2025 سے شروع ہونے والے
میٹرک کے امتحانات میں نقل کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کا حکم

یاد رکھیں!

کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، جو بھی شفاف نظام امتحان میں رکاوٹ بنا، تو
امتحانات میں کسی بھی قسم کے نقل کرنے پر زیرو ٹالرینس پالیسی اختیار کرنے اور نقل کرنے والے طلباء و طالبات کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی
والدین سے اپیل ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اس ناسور سے دور رہنے کی تلقین کریں اور اپنے بچوں کو امتحانات کی بھرپور تیاری کی طرف راغب کریں
تاکہ وہ اپنے علم اور محنت کے بل بوتے پر کامیابی حاصل کرسکیں

آئیں

ہم سب مل کر نقل کے خاتمے کیلئے حکومتی اقدامات کا ساتھ دیں اور ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھیں

پڑھے گا بلوچستان | تو بڑھے گا بلوچستان

SS NO.15/09-02-2025

محکمہ اطلاعات | حکومت بلوچستان

www.dpr.gob.pk @dpr_gob @dpr.gob @dgpr.balochistan